© rasailojaraid.com



# رسید تحائفِ احباب

مجلہ فقہ اسلامی کے قارئین اور ہمارے بعض محبین نے حسب ذیل علمی تحائف ہمیں بھیجے ہیں ہم اپنے ان احباب کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور اللہ تعالی سے دعاء گو ہیں کہ وہ مرسلین کو اجر جزیل سے سرفراز فرمائے (آمین) (واضح رہے کہ یہ تحائف کی وصولی کی رسید ہے کوئی تبصرہ نہیں اور نہ ہم خود کو کسی تبصرہ کا اہل خیال کرتے ہیں)۔ مجلس ادارت۔

اس بار موصول ہونے والے علمی تحائف میں ایک تحفہ جناب صاحبزادہ خلیل احمد مرتضائی صاحب کی طرف سے ملنے والی کتاب......سید الابرار کے اوراد واذکار......کا ہے۔ یہ تحفہ ایک موتی ہے۔ سچا موتی۔ اس کے انتساب کا اختتام اس شعر پر ہے۔

......سوئے دریا تحفہ آوردم صدف...... مگر افسوس کہ ہم نہ دریا ہیں نہ سمندر...... چنانچہ گر قبول افتد......کی پابندی سے بھی ہم آزاد ہیں۔ البتہ صاحبزادہ صاحب کے عز و شرف میں مزید برکتوں کے لئے ہم دل سے دعا گو ہیں۔

زیر نظر کتاب حضرت امام نووی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب الاذکار کا اردو ترجمہ ہے۔ جناب خلیل احمد مرتضائی صاحب کے اس اردو ترجمہ کو سندِ صحت وکمال داتا نگری کی جن باکمال شخصیات نے عطا کی ہے ان کی علمی صحت کا زمانہ معترف ہے اور ان کا فرمایا ہوا مستند......اور علمی حلقوں میں مقبول ہے۔ کتاب کا نام کتاب کے مندرجات کا عکس جلی ہے۔ لہٰذا تعارفِ کتاب کے حوالہ سے یہ کہنا بے جانہ ہوگا کہ بس...... نام ہی کافی ہے۔

۵۶۰ صفحات پر مشتمل اس مجلد مترجم کا ہدیہ۔ درج نہیں، ویسے بھی اذکارِ رسول کا ہدیہ کوئی کیا پیش کرسکتا ہے سوائے ذکرِ خیر کے...... **هل جزاء الاحسان الاالاحسان**۔

ترجمہ بہت شستہ عمدہ اور صوفیانہ ہے، اتنے عظیم کام کے باوجود لوحِ کتاب سے جس عجز و انکسار کا اظہار ہوتا ہے وہ بذاتِ خود مترجم کے صوفی مزاج ہونے کا پتہ دے رہا ہے، باوجودیکہ مترجم ایک عالم، استاذ، بلکہ استاذ العلماء، مفتی وشیخ طریقت ہیں مگر ٹائٹل پر صرف نام کے اندراج کو کافی سمجھا گیا ہے۔ ورنہ فی زمانہ القاب وخطابات وشہادات وملتقیات سب کچھ نام کے آگے پیچھے لگانا ضروری خیال

☆ جس نے قبل از وقت کسی شی کے حصول کی کوشش کی اسے اس سے محرومی کی سزادی جائے گی ☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



کیا جاتا ہے۔ غالباً یہ انکساری انہیں اپنے استاذِ گرامی علامہ غلام نصیرالدین نصیر صاحب گولڑوی سے علمی وراثت کے طور پر ودیعت ہوئی ہے۔ خاندانی شرافت ونجابت علاوہ ازیں ہے۔

ہمیں اس بات کی خوشی ہے کہ صاحبزادہ صاحب اس کتاب کے ترجمہ سے فارغ ہو گئے جس میں انہوں نے اپنے آپ کو ایک عرصہ سے مصروف کر رکھا تھا۔ اس کامیابی پر ہم انہیں مبارک باد پیش کرتے ہیں اور وہی بات دہراتے ہیں جو ان کے استاذ گرامی نے کہی ہے۔

شکرِ خدای کن کہ موفق شدی بخیر　　　زانعام وفضل او نہ معطل گزاشتت
منت منہ کہ خدمت سلطاں ہمی کنی　　　منت شناس ازوکہ بخدمت بداشتت

اوراب ہماری ان سے یہ گزارش ہے کہ وہ مثنوی مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ سے اپنے خصوصی لگاؤ اور خاندانی مناسبت کی بناء پر اس کے فقہی مضامین کو منضبط کریں یا کرائیں، تاکہ فقہ رومی درفکرِ رومی مرتب ومدون ہو سکے۔

کتاب الاذکار اور اس کا ترجمہ بلاشبہ خاصے کی چیز ہے مگر اس کے شروع کے ۴۵ صفحات پر مشتمل...... کتابِ دل...... مستقل بالذات ایک کتاب ہے جسے الگ شائع کرنا بھی فائدہ سے خالی نہ ہوگا۔ اس کتابِ دل کا ایک شعر جو ہمیں حسبِ حال لگا نذرِ قارئین فقہِ اسلامی ہے۔

نہ مرا نوش زتحسیں نہ مرا نیش ز طعن　　　نہ مرا گوش بمدحے نہ مرا ہوش ذمے
منم او کنج خمولی کہ نہ گنجد دروے　　　جز من وچند کتابے، و دوات و قلمے

جناب علامہ مرتضائی صاحب نے اپنے آبائی گاؤں میں احیائے تصوفِ حقیقی، کے سلسلہ میں جو درسگاہ اور خانقاہ قائم کی ہے اس میں ان کی خدمات لائقِ تحسین ہیں۔ اور امید کی جاتی ہے کہ ایک خاص انداز میں چلنے والا یہ سلسلہ قیل وقال ضرور ایک دن رنگ لائے گا اور وطن عزیز کو ایسے افراد کار مہیا ہوں گے جو عملی تصوف کی حقیقی صورت پیش کریں گے اور پورے ملک میں صوفی فقہاء کا ایک نیٹ ورک قائم ہو جائے گا۔ بالکل ویسے ہی جیسے کہ حضرت خواجہ نظام الدین محبوب الٰہی رحمۃ اللہ علیہ نے قائم فرمایا۔

کتاب حاصل کرنے کیلئے فرید بک سٹال اردو بازار لاہور سے رابطہ کیا جا سکتا ہے جو اس کتاب کے بلاشرکتِ غیرے مالک ہیں اور جن کی اجازت کے بغیر اس کتاب کا کوئی جملہ، پیرا یا لائن نقل نہیں کی جا سکتی۔

ماجاز لعذر بطل بزوالہ☆ جس کا استعمال عذر کی وجہ سے جائز ہو عذر ختم ہوتے ہی جواز بھی ختم ہو جائے گا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اس بار موصول ہونے والے علمی تحائف میں لاہور سے ایک کتاب جناب پروفیسر ڈاکٹر خالق داد ملک صاحب کی موصول ہوئی ہے جس کا نام اور موضوع ہے عربی اسلامی علوم اور سوشل سائنسز میں تحقیق کا طریقہ کار۔

کتاب کے حسب ذیل ابواب وفصول قابل توجہ ہیں۔ علمی تحقیق کی اقسام، علمی تحقیق کے بنیادی عناصر، محقق کی خصوصیات اور نگرانِ تحقیق، کتب خانے، مقالہ نگاری کے مراحل، خاکہ تحقیق کی تیاری، مصادر ومراجع کی تحدید، علمی مواد کی جمع آوری، مقالے کی تسوید وتحریر، مقالے کی حوالہ بندی، مخطوطات کی تدوین کا طریقہ کار، مخطوطہ کے متن کی تدوین، وغیرہ۔

کتاب یونیورسٹیوں سے ایم اے ایم فل پی ایچ ڈی کی سطح پر تحقیق کرنے والے طلبہ کے لئے نہایت کارآمد ہے۔ دینی مدارس کے طلبہ درجہ عالمیہ کے مقالہ کی تیاری کے سلسلہ میں اس سے تیکنیکی مدد لے سکتے ہیں۔ اورینٹل بکس لاہور نے اسے شائع کیا ہے جن کا پتہ ہے اورینٹل بکس لاہور، راواں روڈ قادری چوک، اچھرہ لاہور، اور مکتبہ شمس وقمر جامعہ حنفیہ غوثیہ بھاٹی چوک لاہور سے کتاب بآسانی دستیاب ہے۔ اس جامع تحقیقی کتاب کی قیمت ۶۰۰ روپے ہے۔

ایک اور کتاب تذکرہ مجاہدین ختم نبوت ہے جو عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کراچی کی شائع کردہ ہے دیوبندی مکتب فکر کے ایک نامور عالم مولانا اللہ وسایا صاحب اس کتاب کے جامع ومرتب ہیں۔ کتاب میں ختم نبوت کی تحریک کے حوالہ سے علماء دیوبند ودیگر کی خدمات کا تذکرہ ہے۔ علامہ شاہ احمد نورانی صدیقی کی خدمات تحریک ختم نبوت کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں: بڑے بلند پایہ عالم دین ہیں، نیروبی دارالسلام ماریشس لاطینی امریکہ میں سرینام برٹش، گیانا اور دیگر ممالک میں قادیانیوں کا کامیاب تعاقب کیا۔ ۱۹۷۴ء کی تحریک ختم نبوت میں آپ نے مجاہدانہ کردار ادا کیا، جس پر پوری ملت اسلامیہ کو فخر ہے۔ کتاب ۳۹۰ صفحات پر مشتمل ہے اور اسے عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کراچی نے شائع کیا ہے۔

**"وے اویس وے"**...... یہ کوئی کتاب نہیں۔ مگر ایک کتاب کا وہ تاریخی جملہ ہے جو ممتا کی ماری ایک ماں کی زباں سے نکلا ہے۔ اور جسے پڑھ کر آنکھیں نم ہونے لگتی ہیں۔ یہ ہمارے عزیز دوست جناب اویس معصومی صاحب کی آپ بیتی کا ایک بے ساختہ اور والہانہ سا انداز ہے۔

جناب ڈاکٹر محمد اویس معصومی صاحب کی آپ بیتی مقالاتِ اربعین بھی اس بار ملنے والے

☆**اعمال الکلام اولی من اهماله** ☆ **کلام پر عمل کرنا اسے مہمل چھوڑنے کی نسبت اولی ہے**☆

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تحائف میں شامل ہے۔ کتاب میں جناب معصومی صاحب نے اپنے چالیس سالہ دورزندگی کی یادیں قلم بند کر کے محفوظ کردی ہیں۔ اس عرصہ میں انہوں نے جو دیکھا، جو لکھا اور جو پڑھا اور پڑھایا وہ ان کا اصل موضوع ہے دیگر باتیں فرعی ہیں۔ جناب اویس معصومی جو دارالعلوم قمرالاسلام سلیمانیہ کے ہونہار طالب علم رہے ہیں اور اپنے بل بوتے پر ترقی کرتے کرتے ڈاکٹریٹ کے درجہ پر فائز ہونے میں کامیاب ہوگئے ہیں۔ ان کی یہ کتاب ان کے چالیس سالہ سفرزندگی کے تجربات سے مزین ہے۔ کتاب کی ضخامت ۶۰۸ صفحات کو محیط ہے۔ ۳۰۰ روپے کی علامتی قیمت بھی اس پر درج ہے۔ تلاش حق فاؤنڈیشن نے اسے شائع کیا ہے اور ملنے کے پتوں میں جامع مسجد عمر پتھر روڈ گرین ٹاؤن کراچی کے علاوہ جامع مسجد مومن بریگیڈ پولیس لین کراچی کا پتہ درج ہے۔ مجلد کتاب خوبصوت ٹائیٹل اور عمدہ طباعت۔

اس بار ملنے والے تحائف میں ایک تحفہ بھی ہے یہ دراصل جناب مفتی سید شجاعت علی قادری صاحب کا ایک چھوٹا سا کتابچہ (رسالہ) ہے ان کے ایک تلمیذ جناب حامد علی علیمی نے اسے قندمکرر کے طور پر شائع کیا ہے، جس میں مسلمان کی وہ تعریف شامل ہے جو مفتی صاحب نے پاکستان کی قومی اسمبلی کے لئے تیار کی تھی اور جسے آئین پاکستان کا حصہ بنایا گیا۔

**WOULD YOU LIKE TO KNOW SOMETHING ABOUT ISLAM ?**

By : Mohammad M. Ahmed

Really a book that tells you everything about Islam being criticized in the western society.

The book that clears up the misconceptions and misunderstandings about Islam.

The book bridges the gap between Muslims & Non Muslims.

Published by: Crescent Book Inc. P.O.Box 786Wingdale NY 12594-1435 www.crescesnt-books.com

E.mail: info@crescent-books.com

☆ الحکم یتبع المصلحۃ الراجحۃ ☆ حکم مصلحتِ راجحہ کے تابع ہوا کرتا ہے☆

© rasailojaraid.com